## Adamjee Life Zamanat Savings Plan

In today's fast paced economy, planning and savings for the future needs for yourself and your loved ones has become very daunting & difficult. The future stands as unpredictable as ever, with lots of turns and twists, it is always better to plan ahead to shield yourself from any unforeseen future incident. Adamjee Life Zamanat Savings Plan offers you just that. It not only provides financial protection to your loved ones through life insurance cover but also helps in managing your finances through savings so that you are able to meet your financial objectives. As it gives you access to have your premium payments respectively invested into professionally managed funds So be it your own retirement plan, saving for building your own house or just efficient management of your funds, Adamjee Life's Zamanat Savings Plan is your one stop solution for all your financial planning.

**Note: This is a life insurance product which has two distinct elements i.e., Insurance Protection and Investment. The investment component is linked to the performance of underlying assets under unit linked fund(s).**

## Benefits Of Adamjee Life Waseela e Zindagi Plus

### Protection Benefit

In case of demise of the insured (God forbid) during the plan term, the sum assured or the Account Value whichever is higher less any indebtedness will be paid to beneficiary(ies).

### Choice of Insurance Coverage

You can select sum assured according to your need ranging from 5 to 200 cover multiple of basic annual premium.

### Maturity Benefit

At the time of maturity of the policy term the policyholder will get the amount equal to his/her account value.

### Saving Booster Ad-hoc Premium

You can enhance the growth of your savings through Saving Booster by depositing minimum payment of Rs.10,000 (over and above the regular premium) into your plan. Saving Booster payment will be allocated at 102% in the unit account and can be made & withdrawn anytime during the plan term to boost your accumulated cash value.

### Loan

You can take a loan of up to 50% of the net cash surrender value, which is the Account Value minus surrender charge, after the third policy year.

### Free-Look Period

The plan offers a free-look period of 14 days during which you can cancel your policy by contacting Adamjee Life, and have your premium refunded. However, Adamjee Life reserves the right to deduct the expenses incurred on medical examination(s) of the Life Assured in connection with the issuance of this Policy (if any).

### Partial Withdrawal

The Policyholder may make partial withdrawals from his/her fund after the policy has been inforce for at least 3 yrs. Partial withdrawals can be taken up to four times in any Policy Year and are limited to 50% of the Net Cash Surrender Value subject to maintaining a minimum Net Cash Surrender Value of Rs. 20,000. The minimum Net Cash Surrender Value limit may be revised by the Company from time to time.

### Inflation Protection (Optional)

This is a value-added feature to cover the inflation impact. Your contributions will increase every year by 5% or 10% of the previous years' contributions with this option. The cash value will also Increase accordingly.

### Monthly Annuity Benefit(Optional)

The lump-sum maturity proceeds (including the ad-hoc fund) of the policy is to be paid as a unit-linked annuity benefit for 5, 10, 15 or 20 years, depending on the option chosen by the policyholder. The annuity is payable in monthly instalments and is not dependent on the life of the insured person. The insured person has the option to stop or reduce the annuity payment and take the balance of the unit fund as a full or partial lump-sum at any time during the term of the annuity. A minimum annuity benefit of Rs.5000 per month is applicable. If the annuity amount falls below this, the annuity will be terminated and the balance paid out as a lump-sum.

## Investment Options – An Opportunity for Growth

Premiums paid for Adamjee Life Zamanat Savings Plan shall be invested by default in low risk funds. However, you may choose to invest in a moderate to high risk funds described below that suits your investment strategy and risk appetite. The returns earned after deduction of risk charges, monthly admin fee and investment management charges are credited to the unit account balance and accumulate as the policyholder's cash value.

## Unit Pricing methodology:

Adamjee Life uses forward unit pricing methodology.

## Our low risk funds include:

### Investment Secure Fund (Income Fund)

Low risk fund with aim to offer regular and steady returns from investment in wide variety of fixed income securities including bank deposits , government Securities etc without any exposure to corporate bonds and equities.

## Our moderate to high risk funds include:

### Investment Secure Fund II (Income Fund):

Moderate risk fund with aim to offer regular and steady returns from investment in wide variety of fixed income securities including bank deposits, government Securities, corporate bonds etc without any exposure to equities.

### Investment Multiplier (Aggressive Fund)

High risk fund with aim to earn higher returns in medium to long term by investing in diversified mix of equities, fixed income instruments and real estate.

### Amaanat Fund (Balanced Fund)

Medium Risk fund with aim to provide growth in investment value by investing in shariah compliant debt instruments , equities and real estate.

### Managed Growth Fund (Balanced Fund)

Medium risk fund with aim to provide growth in investment value by investing in fixed income instruments, equities and real estate.

## Optional Riders Available

- Critical Illness Rider
  On occurrence of one of the listed diseases to insured person during the in force term of this rider, the rider sum assured is payable to the insured person.
- Accidental Death and Disability Rider (AD&D)
  On accidental death or permanent and total disability due to accident of the insured person during the in force term of this rider, the rider sum assured is payable. In case of permanent total/partial disability, the sum assured is payable according to the Schedule stated in the Provisions.
- Spouse Term Insurance Rider
  In the unfortunate event of death of the insured person's covered spouse during the in force term of this rider, the rider sum assured is payable.
- Level Term Insurance Rider
  On death of the insured person during the in force term of this rider, the rider sum assured is payable.
- Waiver of Premium Rider-Death (WOP-Death)
  On death of the insured person, while this rider is in force, Adamjee Life will pay the initial (un-escalated) basic premium for the remaining term of the rider on behalf of policy holder.
- Waiver of Premium Rider-Disability (WOP-Disability):
  On permanent and total disability of the insured person, while this rider is in force, Adamjee Life will pay the initial (un-escalated) basic premium for the remaining term of the rider or earlier recovery or death on behalf of policy holder.
- Monthly Income Benefit Rider (MIB)
  On death or permanent and total disability due to accident or sickness of the insured person during the in force term of this rider, a fixed monthly amount is payable for the remaining term of the rider or earlier recovery (in case of disability).

## Basic Premium Allocation, Allocation charges & Surrender Charges

Basic premium allocation, allocation charges and surrender charges are given in below schedule:

| Policy Year | % of Basic Premium Allocated to Unit Account | % of Basic Premium Allocation Charge | Surrender Charges as % of Unit Account Value |
|---|---|---|---|
| 1st Year | 60 | 40 | 100% |
| 2nd Year | 70 | 30 | 50% |
| 3rd Year & onwards | 100 | NIL | Nil |

**Surrender Charges will be NIL from the 3rd policy year given that two full years' premiums have been paid and 24 policy months have been completed. A surrender charge will be applied if the policy is surrendered within 24 months from the date of issue.*

## Continuation Bonus:

Adamjee Life Zamanat Savings Plan rewards Regular premium payments and plan continuity in the form of continuation bonuses. The extra units are allocated to your account value. This extra unit allocation is in addition to the basic units of allocations. The Continuation Bonus allocation for Zamanat Savings plan is as follows:

| Policy/ Premium Year | % of Initial Basic Premium Allocated to Unit Account |
|---|---|
| 10 | 30% |
| 15 | 35% |
| 20 | 35% |

The bonuses are payable subject to timely payment of basic premiums not less than the initial basic premium, given that no partial withdrawals or loan are taken during the term of the policy

## Charges

| | |
|---|---|
| Policy Fee: | Nil |
| Management Charge: | An annual charge of 1.75% of the Cash Value deducted on a monthly basis. |
| Bid/ Offer Spread: | 5% of all premiums allocated to the Unit Account |
| Surrender Charge / Partial Withdrawal: | In addition to the above surrender charges, a flat surrender processing fee of Rs. 350 applies when making a partial withdrawal or surrender at any time. |
| Fund Switching: | The first two switches in a Policy Year are free. A charge of Rs. 300 will be made for any further switches in that Policy Year |
| Mortality Charge: | Applied on Sum at Risk on attained age basis |

## Policy Terms & Eligibility

| Min Entry Age | Max Entry Age | Min Policy Term |
|---|---|---|
| 18 Years | 70 Years | 10 Years |
| **Min Premium Paying Term** | **Max Policy Term** | **Max Premium Paying Term** |
| 10 Years | Up to age of 80 exact | Equal to Cover Term |

## Basic Premium and Payment mode:

| Payment Mode | Minimum Basic Premium | |
|---|---|---|
| Annual | Rs. 12,000/- | |
| Semi-Annual | Rs.6,000 /- | (Rs. 12,000/- Annually) |
| Quarterly | Rs.4,000/- | (Rs. 16,000/- Annually) |
| Monthly | Rs.1,500/- | (Rs. 18,000/- Annually) |

## Disclaimer:

- This product is underwritten by Adamjee Life Assurance Co. Ltd. It is not guaranteed or insured by "Bank" or its affiliates and is not a product of the Bank.
- The Bank is acting as a corporate insurance agent of Adamjee Life Assurance Co. Ltd. which underwrites the policy and the Bank shall not be held responsible for any liability under the policy in any manner whatsoever to the policyholder(s) or claimants(s).
- Adamjee Life Zamanat Savings Plan is a Unit LinkedPlan which is subject to investment risk. The investment risk shall be borne by the policyholder and actual maturity and surrender values may be lower or higher than the projected figures.
- All Adamjee Life Zamanat Savings Plan applications are processed and approved by Adamjee Life Assurance Co. Ltd., as per their underwriting guidelines. "Bank" is not responsible for processing and approval of these applications in any way, whatsoever.
- This brochure only provides an introduction to the benefits available under the policy. A detailed description of how the contracts works is given in "Terms & Conditions" attached with the policy document, which will be provided after the policy is issued.
- The past performance of the investment fund is not necessarily a guide to future performance. Any forecast is not necessarily indicative of future or likely performance of the funds and neither Adamjee Life Assurance Co. Ltd. nor "Bank" will incur any liability for the same.
- A personalized illustration of benefits will be provided to you by our sales representative. Please refer to the notes in the illustration for a detailed understanding of the various terms and conditions along with in the projected cash values. These values are only for understanding purpose and can be go up or down and not guaranteed.


**Adamjee Life Assurance Co. Ltd.**

Registered Office:

Office No. 505, 5th Floor, ISE Towers, 55-B,
Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad.

Principal Office

3rd and 4th Floor, Adamjee House,
I.I. Chundrigar Road, Karachi - 74000.

+92 (21) 111-11-5433 I www.adamjeelife.com


## انتباہ

- یہ پروڈکٹ آدم جی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ کی ہے۔بینک یا اس سے الحاق ادارے اس کی کوئی ضمانت نہیں لیتے اور نہ ہی یہ بینک کی کوئی پروڈکٹ ہے۔
- بینک ایک ایجنٹ کے طور پر آدم جی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ کی جانب سے یہ سہولت فراہم کر رہا ہے اور کسی بھی معاملے یا بیمہ دار کو یا اس کے بینیفشری یا تیسرے فریق سے متعلق کسی قسم کا ذمہ دار نہیں ہے۔
- سرمایہ کاری کے ممکنہ نقصانات بیمہ دار فرد کو ہی برداشت کرنے پڑیں گے اور تکمیل اور دستبرداری کی اصل قدر تخمینہ لگائی گئی رقم سے کم یا زیادہ ہو سکتی ہے۔
- تمام آدم جی لائف ضمانت سیونگ پلان درخواستوں پر عمل درآمد اور منظوری آدم جی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ کی طرف سے ان کے متعلقہ قوانین کے تحت ہوتی ہے۔بینک کسی بھی طرح سے درخواست کے عمل درآمد اور تصدیق کا ذمہ دار نہیں ہے۔
- یہ بروشر پالیسی کے تحت ملنے والے فوائد کا صرف تعارف فراہم کر رہا ہے۔ تفصیلی معلومات کہ کس طرح یہ پالیسی کام کرتا ہے یہ تفصیل پالیسی ڈاکومینٹ میں دیئے گئے "اصول وضوابط" میں درج ہیں، جو کہ پالیسی جاری ہونے کے بعد دیا جائے گا۔
- یہ ضروری نہیں کہ فنڈ کے ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کے لئے ایک رہنما ہو۔ مستقبل کے بارے میں کی جانے والی کسی بھی پیشگوئی فنڈ کی ممکنہ کارکردگی کا اشارہ نہیں کرتی ہیں اور نہ ہی آدم جی اور نہ ہی بینک اس کا ذمہ دار ہو گا۔
- ہمارے سیلز کے نمائندے آپ کو فوائد کے متعلق وضع کردہ خاکہ / الاسٹریشن فراہم کریں گے۔ مختلف شرائط وضوابط کی مکمل سمجھ بوجھ کے لیے مثال میں دیئے گئے نوٹس ملاحظہ کریں۔وہ رقم صرف سمجھانے کے مقاصد کے لیے ہے، رقم اوپر اور نیچے بھی جا سکتی ہے اس کی ذمہ داری نہیں ہے۔


**آدم جی لائف اشورنس کمپنی**

رجسٹرڈ آفس:

آفس نمبر 505، پانچویں منزل، آئی ایس ای ٹاور، 55-بی،
جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد

پرنسپل آفس:

تیسری اور چوتھی منزل، آدم جی ہاؤس،
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی 74000۔

+92 (21) 111-11-5433 I www.adamjeelife.com

adamjeelife

# Adamjee Life Zamanat Savings Plan




adamjeelife

# آدم جی لائف ضمانت سیونگز پلان




## آدم جی لائف ضمانت سیونگز پلان

آج کی تیز رفتار معیشت میں خود کے لئے اور اپنے پیاروں کی ضروریات کے لئے منصوبہ بندی اور بچت کرنا بہت مشکل اور کٹھن ہو گیا ہے۔ مستقبل ہمیشہ کی طرح غیر متوقع ہے. آنے والے غیر متوقع واقعے سے بچنے کیلئے اور اپنی حفاظت کرنے کے لئے قبل از وقت تدبیر کرنے کی ضرورت ہے۔ آدمجی لائف ضمانت بچت پلان آپ کو یہی فراہم کرتا ہے۔ یہ نہ صرف زندگی کے بیمے کے ذریعے آپ کے پیاروں کو مالی حفاظت فراہم کرتا ہے بلکہ بچت کے ذریعے آپ کی مالیات کو منظم کرنے میں بھی مدد کرتا ہے تاکہ آپ اپنے مالی اہداف کو پورا کر سکیں۔ یہ آپ کو روزمرہ کے پریمیم کی اقساط کو ماہرین کی سرپرستی میں سرمایہ کاری کرنے کی اجازت بھی دیتا ہے۔ تو چاہے آپ کی خود کی ریٹائرمنٹ کی منصوبہ بندی ہو، اپنا گھر بنانے کیلئے بچت کرنا ہو یا صرف اپنے فنڈز کی کارآمد سرمایاکاری آدمجی لائف کا ضمانت بچت پلان آپ کے مسائل کا حل ہے

نوٹ: یہ ایک لائف انشورنس پروڈکٹ ہے جس کے دو الگ الگ عناصر ہیں یعنی انشورنس تحفّظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری کا جز یونٹ لنکڈ فنڈ (فنڈز) کے ماتحت بنیادی اثاثوں کی کارکردگی سے منسلک ہے۔

## آدم جی لائف ضمانت سیونگز پلان کے فوائد

### پروٹیکشن بینیفٹ

پلان کی مدت کے دوران (خدانہ کرے) اگر بیمہ دار کی وفات ہوتی ہے تو اس صورت میں زر بیمہ اور جمع شدہ اکاؤنٹ ویلیو میں سے جو بھی زیادہ ہو اس میں سے جزوی نکالی گئی رقم کاٹ کے ورثا کو ادا کی جائے گی۔

### انشورنس کوریج کا انتخاب

آپ اپنی ضرورت کے مطابق زر بیمہ منتخب کر سکتے ہیں جو کہ بنیادی سالانہ پریمیم کا 5 سے لے کر 200 گنا تک ہو سکتا ہے۔

### میچورٹی بینیفٹ

پالیسی کی میعاد کی تکمیل پر پالیسی ہولڈر شخص کو اس کی اکاؤنٹ ویلیو کے مساوی رقم ادا کی جائے گی۔

### سیونگ بوسٹر: (ایڈہاک پریمیم)۔

آپ سیونگ بوسٹر کے ذریعے طے کردہ اقساط کی رقم کے علاوہ کم از کم 10 ہزار روپے کی ادائیگی کر کے اپنی بچت کی رقم میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ اضافے میں دی جانے والی رقم کی زیادہ سے زیادہ کوئی حد نہیں ہے، اسے یونٹ اکاؤنٹ میں 102 فیصد کے حساب سے مختص کیا جاتا ہے اور منصوبے کی مدت کے دوران اپنی مجموعی کیش ویلیو میں اضافے کے لیے جمع کرائی جا سکتی ہے اور کسی بھی وقت نکالی بھی جا سکتی ہے۔

### قرض کی سہولت

آپ 3 پالیسی سالوں کے بعد نیٹ کیش سرنڈر ویلیو کا 50 فیصد قرض لے سکتے ہیں، جو کہ اکاؤنٹ ویلیو سے سرینڈر چارج منہا کرنے کے بعد بنتی ہے۔

### فری لک پیریڈ:

یہ پلان آپ کو 14 دن کا فری لک پیریڈ پیش کرتا ہے جس میں آپ آدم جی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ سے رابطہ کر کے اپنی پالیسی منسوخ کروا سکتے ہیں اور اپنا پریمیئم واپس حاصل کر سکتے ہیں۔ البتہ آدم جی لائف کو حق حاصل ہے کہ وہ اس پالیسی کے اجرا کے موقع پر پیش آنے والے طبی اخراجات اس رقم سے منہا کر لے۔

### جزوی دستبرداری

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کی اہم ضروریات پوری ہوتی رہیں، یہ منصوبہ 2 سال مکمل ہونے کے بعد آپ کو آپ کے اکاؤنٹ سے جزوی طور پر رقم نکانے کا اختیار دیتا ہے۔ یہ اختیار آپ سال میں 4 بار لے سکتے ہیں۔ کیش نکالنے کا عمل کم از کم (20،000) بیس ہزار روپے اکاؤنٹ میں موجود رہنے کی شرط کے ساتھ مجموعی نقد دستبرداری کی رقم کے 50 فیصد تک محدود ہے۔ کمپنی کی طرف سے مجموعی نقد دستبرداری کی رقم میں ردوبدل ہو سکتی ہے۔

### مہنگائی سے تحفظ: (انڈیکسیشن)

یہ مہنگائی کے اثر پر قابو پانے والا ایک قابل قدر فیچر ہے۔ آپ کا پریمیم ہر سال پچھلے سال کے پریمیم سے 5 سے 10 فیصد بڑھ جائے گا۔ اس سے آپ کے اکاؤنٹ کی قدر میں بھی اضافہ ہو گا۔

### ماہانہ ادائیگی یا اینیوٹی کا اختیار

بیمہ شدہ فرد کے میچورٹی تک حیات ہونے کی صورت میں ماہانہ ادائیگی کا فائدہ (اگر اختیار کیا گیا ہو) دیا جائے گا جس کے تحت منتخب شدہ مدّت جو کہ 20،15،10،5 سال ہو سکتی ہے کیلئے ماہانہ ادائیگی کی جائے گی۔ یونٹ کی سرمایہ کاری اس مدّت تک جاری رکھی جائے گی۔ کم سے کم ماہانہ ادائیگی 5000 روپے ہو گی۔ اگر ادائیگی اس رقم سے کم ہو جائے گی تو ماہانہ ادائیگی ختم ہو جائے گی اور بقایا رقم یکمشت ادائیگی کی جائے گی۔

## سرمایہ کاری کے اختیارات - افزائش کا ایک موقعہ (انویسٹمنٹ آپشنز)۔

وہ پریمیم جو آدم جی لائف ضمانت سیونگ پلان میں ادا کیا جاتا ہے، اس کی سرمایہ کاری کسی کم رسک والے فنڈ میں کی جاتی ہے۔ اگرچہ آپ خود کسی معتدل سے زیادہ رسک والے فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں جو آپ کی حکمت عملی اور رسک کے موافق ہو۔ منافع رسک اخراجات، ماہانہ انتظامی اور سرمایہ کاری انتظام کے اخراجات کی کٹوتی کے بعد ملتا ہے، اور اسے یونٹ اکاؤنٹ میں شامل کر دیا جاتا ہے اور پالیسی ہولڈر کے کیش ویلیو میں جمع کر دیا جاتا ہے۔

## یونٹ کی قیمتوں کا تعین کرنے کا طریقہ کار:

آدم جی لائف فارورڈ یونٹ پرائسنگ کا طریقہ استعمال کرتی ہے۔

## ہمارے کم رسک والے فنڈ درج ذیل ہیں:

**انویسٹمنٹ سیکیور فنڈ ا (آمدنی فنڈ):** کم رسک والا فنڈ جس کا مقصد کارپوریٹ بانڈز اور ایکویٹیز میں سرمایاکاری کیئے بغیر بینک ڈپازٹس، گورنمنٹ سیکیورٹیز وغیرہ سمیت مختلف قسم کی فکسڈ انکم سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کے ذریعے باقاعدہ اور مستحکم منافع پیش کرنا ہے۔

## ہمارے معتدل سے زیادہ رسک والے فنڈ میں شامل ہیں:

**انویسٹمنٹ سیکیور فنڈ اا (آمدنی فنڈ):** معتدل رسک والا فنڈ جس کا مقصد ایکوٹیز میں سرمایہ کاری کے بغیر مختلف قسم کی فکسڈ انکم سیکیورٹیز بشمول بینک ڈپازٹس، گورنمنٹ سیکیورٹیز، کارپوریٹ بانڈز وغیرہ میں سرمایہ کاری کے ذریعے مستقل اور مستحکم منافع کی پیشکش کرنا ہے۔

**انویسٹمنٹ ملٹی پلائر فنڈ (جارحانہ فنڈ):** ہائی رسک والا فنڈ جس کا مقصد ایکویٹیز، فکسڈ انکم انسٹرومنٹس اور رئیل اسٹیٹ کے وسیع مرکب میں سرمایہ کاری کر کے درمیانی سے طویل مدت میں زیادہ منافع حاصل کرنا ہے۔

**امانت فنڈ (متوازن فنڈ):** یہ ایک میڈیم رسک فنڈ ہے جس کا مقصد شرعی اصولوں کے مطابق ڈیٹ انسٹرومنٹ، ایکویٹی اور رئیل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کر کے سرمایہ قدر میں اضافہ فراہم کرنا ہے۔

**مینج گروتھ فنڈ (متوازن فنڈ):** یہ ایک میڈیم رسک والا فنڈ ہے جس کا مقصد فکسڈ انکم، ایکویٹیز اور رئیل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کر کے سرمایہ کاری کی قدر میں اضافہ فراہم کرنا ہے۔

## آپشنل رائڈر:

### شدید بیماری کا ضمنی معاہدہ

اس ضمنی معاہدے کے نافذ العمل دورانیے کے دوران اگر فہرست میں سے درج کوئی ایک بیماری کی بیمہ شدہ شخص کو تشخیص ہوتی ہے تو بیمہ شدہ کو اس ضمنی معاہدے کا زر بیمہ واجب الادا ہو گا۔

### حادثاتی موت اور معذوری پر فوائد کا ضمنی معاہدہ

اس ضمنی معاہدے کے نافذ العمل دورانیے کے دوران حادثاتی موت یا حادثے کی وجہ سے ہونے والی بیمہ دار کی مکمّل مستقل معزوری کی صورت میں اس ضمنی معاہدے کا زر بیمہ واجب الادا ہو گا۔ مستقل مکمل / یا جزوی معذوری کی صورت میں پالیسی شرائط کے ساتھ منسلک شیڈول کے مطابق زر بیمہ واجب الادا ہو گا۔

### شریک حیات کا ضمنی معاہدہ

اس ضمنی معاہدے کے نافذ العمل دورانیے کے دوران بیمہ دار کی بیمہ شدہ شریک حیات کی وفات کی صورت میں میں اس ضمنی معاہدے کا زر بیمہ واجب الادا ہو گا۔

### لیول ٹرم انشورنس کا ضمنی معاہدہ

اس ضمنی معاہدے کے نافذ العمل دورانیے کے دوران بیمہ دار کی وفات کی صورت میں اس ضمنی معاہدے کا زر بیمہ واجب الادا ہو گا۔

### موت پر پریمیم کے استثنٰی کا ضمنی معاہدہ

بیمہ دار کی موت کی صورت میں ضمنی معاہدے کے ابتدائی بنیادی پریمیم ضمنی معاہدے کے تحت باقی ماندہ دورانیے تک بیمہ دار کی طرف سے آدم جی لائف ادا کریگا۔

### معذوری پر پریمیم کے استثنٰی کا ضمنی معاہد

بیمہ دار کے مکمّل اور مستقل معزوری کی صورت میں اس ضمنی معاہدے کے باقی ماندہ دورانیے یا بیمہ دار کی بحالی یا موت تک بیمہ دار کی طرف ضمنی معاہدے کے ابتدائی بنیادی پریمیم آدم جی لائف ادا کریگا۔

### موت پر ماہانہ آمدنی کا ضمنی معاہدہ

اس ضمنی معاہدے کے نافذ العمل دورانیے کے دوران بیمہ دار کی بیماری کی وجہ سے موت یا مکمّل مستقل معزوری لاحق ہونے کی صورت میں ضمنی معاہدے کے باقی ماندہ دورانیے یا بحالی (معزوری کی صورت میں) تک ایک مخصوص ماہانہ رقم واجب الادا ہو گی۔

## بنیادی پریمیم مختص کے ساتھ بنیادی مختص اور سرنڈر چارجز

بنیادی پریمیم مختص کیے گئے ہیں اور ذیل میں دکھائے گئے شیڈول کے مطابق سرنڈر چارجز کے ساتھ مختص چارجز بھی شامل ہیں:

| پالیسی سال | یونٹ اکاؤنٹ کو مختص کئے جانے والے بنیادی زرشمولیت کا فیصد | بنیادی پریمیم ایلوکیشن چارج کا فیصد | سرینڈر چارج بحساب یونٹ اکاؤنٹ کی قدر کا فیصد |
|---|---|---|---|
| پہلے سال | 60 | 40 | 100 |
| دوسری سال | 70 | 30 | 50 |
| تیسرے سال سے | 100 | کوئی نہی | کوئی نہیں |

سرنڈر چارجز تیسرے پالیسی سال سے صفر ہو جائیں گے بشرطیکہ دو پورے سال کے پریمیم ادا کیے جا چکے ہوں اور پالیسی کو 24 مہینے مکمل ہو گئے ہوں۔ اگر پالیسی جاری ہونے کی تاریخ سے 24 ماہ کے اندر سرنڈر کر دی جاتی ہے تو سرنڈر چارج لاگو ہو گا۔

## بونس کی تخصیص

جب آپ طویل المدّتی شراکت داری جاری رکھتے ہیں تو آپ کو جاری بونسز کی شرائط کے تحت بونس حاصل ہوتے ہیں۔ یہ اضافی یونٹس آپ کی اکاؤنٹ میں مختص کر دیے جاتے ہیں۔ جاری بونس کی تخصیص درج ذیل ہے۔

| پالیسی سال | یونٹ اکاؤنٹ کو مختص کئے جانے والے بنیادی اقساط کا فیصد |
|---|---|
| 10 | 30% |
| 15 | 35% |
| 20 | 35% |

بونس کی ادائیگی پریمیم کی بروقت ادائیگی سے مشروط ہے، بشرطیکہ پالیسی کی مدت کے دوران جزوی دستبرداری یا قرض نہیں لیا گیا ہو۔

## اخراجات

| | |
|---|---|
| پالیسی فیس: | کوئی نہیں |
| ایڈمنسٹریشن فی: | کوئی نہیں |
| فنڈ کے انتظامی اخراجات: | ماہانہ کٹوتی کی بنیاد پر کیش ویلیو کا 1.75٪ سالانہ |
| بولی / آفر اسپریڈ: | تمام یونٹ اکاؤنٹ اقساط کا 5 فیصد |
| جزوی اور کلی دستبرداری فیس: | مندرجہ بالا سرنڈر چارجز کے علاوہ، کسی بھی وقت جزوی دستبرداری یا سرنڈر کرنے پر 350 روپے کی فلیٹ سرنڈر پروسیسنگ فیس لاگو ہوتی ہے۔ |
| فنڈ منتقلی: | ایک پالیسی سال میں دو مرتبہ مفت میں فنڈ تبدیل کر سکتے ہیں، اس کے بعد ہر تبدیلی پر 300 روپے چارج کئے جائیں گے۔ |
| مورٹیلیٹی چارجز | پوری عمر کی بنیاد پر بیمہ کردہ رقم پر عائد ہو گی |

## پالیسی کے شرائط اور اہلیت

| اندراج کے لیے کم سے کم عمر | اندراج کے لیے زیادہ سے زیادہ عمر | کم از کم پالیسی کا عرصہ |
|---|---|---|
| 18سال | 70 سال | 10 سال |
| **کم از کم پریمیم ادائیگی کا عرصہ** | **زیادہ سے زیادہ پالیسی کا عرصہ** | **زیادہ سے زیادہ پریمیم ادائیگی کا عرصہ** |
| 10سال | 80سال یا زائد عمر | کور ٹرم کے برابر |

## بنیادی اقساط کی ادائیگی کا طریقہ کار

| ادائیگی کا طریقہ کار | کم از کم بیسک پریمیم | |
|---|---|---|
| سالانہ | 12,000 روپے | |
| ششماہی | 6,000 روپے | 12,000 روپے سالانہ |
| سہ ماہی | 4,000 روپے | 16,000 روپے سالانہ |
| ماہانہ | 1,500 روپے | 18,000 روپے سالانہ |